مدیر کے نام

ارشد اقبال، کوئٹہ

"وقت کی قدر کیجیے" (جولائی ۹۴) میں صرف دفتری کارکن کو پیشِ نظر رکھا گیا ہے۔ خانہ دار خاتون، طالب علم، زرعی کارکن اور عام ان پڑھ آدمی --- سب کے لیے رہنمائی کی ضرورت ہے۔ سب سے زیادہ قیمتی چیز نہایت بے دردی سے ہر طرف لٹائی جاتی نظر آتی ہے۔

کاشف سعید، کراچی

مسلمان قوم اپنے رہنماؤں میں سادگی و سخت کوشی کا وہی نمونہ دیکھنا چاہتی ہے جس کا تذکرہ رسولؐ اور اصحابِ رسولؓ کی سیرت میں ہوتا ہے۔ خود اپنے عمل خواہ کچھ ہی ہوں۔ (راہِ عزیمت، جولائی ۹۴)

ریحان احمد، ساہیوال

جدید سہولتوں کے استعمال کو عزیمت کے منافی سمجھا جاتا ہے۔ اس کی کوئی دینی بنیاد نہیں۔ بعض ذہنوں کا نفسیاتی مسئلہ ہے۔

شائستہ مستور، کراچی

عزیمت کا یہ تصور بھی خوب ہے کہ کافی کی پیالی سے ہاتھ ہٹا لیا جائے۔

سلیم احمد، حیدر آباد

مصر میں کشمکش تیز ہوتی جا رہی ہے۔ حسنی مبارک کے زوال کی خبریں دی جا رہی ہیں۔ اس پس منظر میں مصری طالبات کا مطالعہ (جولائی ۹۴) خوب ہے۔ لیکن کیا ہی خوب ہو کہ تازہ ترین جائزے سامنے آئیں۔

نصر اللہ، کراچی

"آج کا الجیریا" (جون ۹۴) میں فوج کا کردار واضح ہو کر سامنے آتا ہے۔ مسلم ممالک میں افواج کے کردار پر تحقیقی مطالعوں کی ضرورت ہے۔ یقیناً یہ حکومتیں نہیں کروائیں گی۔ آزاد اداروں اور جامعات کو آگے بڑھنا چاہیے۔

شہزاد الحسن' کراچی

ایسا کیوں ہے کہ کسی ملک کی فوج اپنے ہی شہریوں پر گولیاں چلانے اور ظلم ڈھانے کے لیے آمادہ ہو جاتی ہے (آج کا الجیریا)۔ کیا بھرتی کے طریقِ کار اور تربیت کے نظام کا اس سے کوئی تعلق ہے۔

عامر شکیل' لاہور

اپریل ۹۴ میں "۶۰ سال پہلے" بہت پسند آیا۔ حمید الدین فراہی صاحب کا مضمون "نماز اور قربانی" موضوع کے اعتبار سے جامع اور مفصل ہے۔

سلطان احمد اصلاحی' علی گڑھ

اشارات پڑھ کر دل کا دکھ کافی کم ہوتا ہے۔ بگاڑ کی وجوہات' اس کی نزاکتیں' اور اہلِ علم کو ان کی ذمہ داریوں کا احساس' سب کچھ اس میں ہوتا ہے۔ دوسرے مضامین بھی بہت اچھے ہیں۔ آپ کی سرتاپا اخلاص فکر انگیز تحریریں میری خصوصی دلچسپی کا باعث تو ہیں ہی' بحمد اللہ میری واقفیت کے پورے حلقے میں انھیں اسی توجہ اور اہتمام سے پڑھا جاتا ہے۔ ذٰلِکَ فَضۡلُ اللّٰہِ یُؤۡتِیۡہِ مَنۡ یَّشَآءُ ؕ

سہیل احمد راجہ' کویت

میں گذشتہ کئی ماہ سے ترجمان القرآن باقاعدگی سے پڑھ رہا ہوں۔ تزئینِ نو کے تمام شمارے انتہائی معیاری اور معلومات افزا ہیں۔ پروفیسر خورشید احمد کا کشمیر پر گرانقدر مضمون بہت پسند آیا۔ امید ہے کہ اس رسالہ کے معیار کو برقرار رکھتے ہوئے جدید تقاضوں کے مطابق تحریکِ اسلامی کی خدمت انجام دیتے رہیں گے۔ اللہ آپ کا حامی و ناصر ہو۔

خالد مسعود' اسلام آباد

ترجمان القرآن کا نیا انداز پسند آیا۔ خیال آتا ہے کہ کبھی چراغِ راہ کا اسلامی قانون نمبر نکلا تھا۔ بے حد مقبول رہا۔ اگر اسی طرح اجتہاد نمبر نکل سکے تو خوب رہے گا۔ پاکستان کی اسلامی فکر میں جو جمود ہے' ہر فکری تحریک بہت جلد ایک فرقہ کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ اس کی اصلاح کے لیے ضروری ہے کہ پاکستان میں دینی طبقے کو ان تحریکات' افکار اور تحقیقات سے آگاہ کیا جائے جو عالمِ اسلام میں جاری ہیں۔